

V
SIGN
OF VICTORY

Rampur State Gazette.

اسٹیٹ گزٹ رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

۵۳ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۲۵ شوال المکرم سنہ ۱۳۶۰ھ مطابق ۱۵ نومبر سنہ ۱۹۴۱ء ۵۲

حصۂ اول

احکام اجلاس ہمایوں بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈرز ان کونسل امپویٹ

احکام اجلاس ہمایوں اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم :- واقع ۹ نومبر ۱۹۴۱ء

رپورٹ منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بعرض — مبیسانہ

جناب عالی

مسٹر امام احمد صاحب بہادر سابق ڈائرکٹر زراعت کے ریاست سے واپس ہو جانے پر ان کے بجائے بحکم اجلاس ہمایوں مصدرہ ۱۷ اکتوبر ۱۹۴۱ء مسٹر عبد الجبار خان صاحب ناظم مال کو ممبر سرکاری مجلس مقننہ مقرر کیا گیا تھا۔ لیکن اب مسٹر عبد الجبار خاں بھی ریاست سے واپس ہو گئے ہیں۔ اور ڈائرکٹر زراعت کے عہدے پر مسٹر سید تصور حسین نقوی صاحب بہادر کا تقرر ہو چکا ہے۔ نیز یہ کہ صاحبزادہ سید واجد علی خاں صاحب بہادر سابق سکریٹری صنعت و حرفت بھی جو کہ سرکاری ممبر مجلس مقننہ تھے ملازمت سے برطرف ہو چکے ہیں اس لئے دونوں جگہوں پر دیگر افسران کو نامزد فرمائے جانے کے لئے عالیرتبت صاحب منسٹر بہادر انچارج محکمۂ قانون سازی نے رپورٹ کی ہے۔

کاغذات ذریعہ عرضداشت حضور انور میں پیش ہیں ترتیبخواہ عرض پرداز ہے کہ اگر اعلیحضرت بندگان عالی دام اقبالہم وملکہم پسند فرمائیں تو مسٹر عبد الجبار خاں سابق ناظم مال کے بجائے مسٹر سید تصور حسین نقوی صاحب بہادر ڈائرکٹر زراعت کو اور صاحبزادہ سید واجد علی خاں صاحب بہادر سابق سکریٹری صنعت و حرفت کے بجائے مسٹر صدیق علی خاں صاحب بہادر سکریٹری انڈسٹریز کو سرکاری ممبران مجلس مقننہ مقرر کئے جانے کا حکم پیشگاہ ہمایوں سے صادر فرمایا جائے۔ زیادہ حد ادب آفتاب دولت و اقبال تاباں باد۔

عرضی

ترتیبخواہ دستخط عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

معروضہ ۸ نومبر ۱۹۴۱ء

روبکار :- واقع ۹ نومبر ۱۹۴۱ء

آرڈیننس ضررہائے جنگ ریاست رامپور ۱۹۴۱ء کا نفاذ منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

نوٹ :- آرڈیننس محوّلۂ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے۔

روبکار:- واقع ۷ نومبر ۱۹۲۱ء

اجلاس ہمایوں سے ۷ نومبر ۱۹۲۱ء کو پابندی وقت دربار اور لباس کے متعلق روبکار صادر ہوا ہے آج عالیرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر نے عرض کیا کہ چونکہ دربار سالگرہ ہمایوں میں وقت بہت کم ہے اور بازار میں گرے رنگ کا کپڑا اس قدر دستیاب نہ ہوسکے گا کہ جملہ درباریان کے لئے کافی ہو لہذا حکم دیا جاتا ہے کہ امسال دربار سالگرہ ہمایوں میں جن درباریان کے پاس گرے اچکن ہو وہ استعمال کریں۔ جو درباری اس وقت گرے اچکن تیار نہ کرا سکیں وہ سفید اچکن استعمال کرسکتے ہیں یہ حکم صرف دربار سالگرہ ہمایوں ۱۷ نومبر ۱۹۲۱ء کے متعلق ہے۔ آئندہ حسب منشائے روبکار معبدرہ ۷ نومبر ۱۹۲۱ء لباس کی پابندی لازمی ہوگی

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

حکم:- واقع ۱۱ نومبر ۱۹۲۱ء

بموجب رپورٹ مسمی سکھارام۔ ٹی وائیٹ ساکن گوالیار کو سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں کیڈیٹ مقرر کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ آرمی آرڈر جاری کیا جائے۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اعلیحضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

بغرض عرض — میرساند

جنابعالی

صاحب ملٹری ایڈوائزر نے مسمی سکھارام ٹی وائیٹ ساکن گوالیار کو رامپور اسٹیٹ فورسیز میں ایمرجنسی کمیشن کے لئے منتخب کیا ہے یہ ایف۔ اے۔ پاس ہیں۔ جوان العمر اور میڈیکلی فٹ ہیں۔ ترقیخواہ آئندگی ہے کہ سکنڈ رامپور مرتضیٰ انفنٹری میں بحیثیت کیڈیٹ رکھنے کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضے

ترقیخواہ دستخط عالیرتبت صاحب ملٹری سکریٹری بہادر۔

معروضہ ۹ نومبر ۱۹۲۱ء

روبکار:- واقع ۱۱ نومبر ۱۹۲۱ء

ہرگاہ برٹش گورنمنٹ دو نو فوجی امیدواران کو برائے ٹرینگ موٹر میکینک رامپور بھیج رہی ہے جو اسٹیٹ گیراج میں ٹرینگ حاصل کریں گے۔ ان امیدواران کے بعد بھی اور امیدواران ٹرینگ کے لئے آتے رہیں گے اور ان امیدواران کا قیام ریاست میں تا تکمیل ٹرینگ عارضی ہوگا۔ ہرگاہ ان امیدواران کے زمانۂ قیام رامپور میں اگر کوئی دوکاندار یا ساہوکار یا دیگر شخص ان امیدواران کے ہاتھ ادھار رقم یا جنس خرید و فروخت کرے یا امداد و دستگیری کرے تو اوسکی وصولیابی کی کوئی ذمہ داری گورنمنٹ رامپور یا کمانڈنٹ

موٹر میکینک اسکول اسٹیٹ گیراج پر نہ ہوگی
بلکہ دوکاندار ساہوکار یا شخص متعلق ذمہ دار ہوگا۔
ہرگاہ ان امیدواران کے زمانہ قیام رامپور میں اُن
کے خلاف عدالت کی ڈگریاں جاری ہونے سے
اُن کی ٹریننگ اور ڈسپلن میں حرج واقع ہوگا۔ لہذا
ضابطہ دیوانی ریاست رامپور میں حسب ذیل ترمیم منظور
کی جاتی ہے:۔

۱۔ امیدواران فوج جو بغرض ٹریننگ موٹر میکینگ
برٹش انڈیا سے رامپور میں آئیں اُنکی ذات
یا جائیداد منقولہ ضابطہ دیوانی کی اُن دفعات
سے جن کے ذریعہ گرفتاری یا قرقی ہوسکتی ہے
مستثنیٰ رہیگی۔ کوئی اور کارروائی اجرائے ڈگری
اُنکی ذات یا جائداد منقولہ کے خلاف کسی
طور پر عمل میں نہیں آئے گی۔

۲۔ اس ترمیم کا عملدرآمد گزٹ سرکاری میں اسکی
تاریخ اشاعت سے ہوگا۔

۳۔ مرمہ مذکور حسب دفعہ ۲۵ دستور اساسی
مجلس مقننہ ریاست رامپور ۱۹۳۲ء نافذ
کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں
دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

حکم:۔ واقع ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ مس میوس مانکل ہیڈ مسٹرس
خورشید گرلس ہائی اسکول کو اختیارات افسر صیغہ
عطا کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام
ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

آرڈر نمبر ۳۶۸

اعلیحضرت بندگان حضور پُرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض | جناب عالی | میرساند

عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز
ہے کہ سابق ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس ہائی
اسکول کو اختیارات افسر صیغہ بحکم اجلاس ہمایوں
مصدرہ ۱۸ اگست ۱۹۳۵ء عطا ہوئے تھے۔ لہذا
حسب رائے کمیٹی انتظامیہ مناسب معلوم ہوتا ہے
کہ بنظر سہولت کار مس میوس مانکل صاحبہ
موجودہ ہیڈ مسٹرس خورشید گرلس ہائی اسکول
کو اختیارات افسر صیغہ عطا فرمائے جائیں
تجویز مذکورہ سے اسٹیٹ کونسل نے جلسہ
منعقدہ ۱۰ نومبر ۱۹۳۱ء میں اتفاق کر لیا ہے
لہذا ترتیبخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں
سے حکم منظوری عطائے اختیارات شرف نفاذ
پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال
جاوید باد۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
۱۱ نومبر ۱۹۳۱ء

حکم

واقع ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ۔ سید ارتضیٰ علی اردو اسٹینو گرافر اجلاس ہمایوں کو ۱۹ اکتوبر ۱۹۳۱ء سے آسامی اردو اسٹینوگرافر کے ابتدائی گریڈ کی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار دیجانا منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

بحکم اجلاس ہمایوں مؤرخہ ۳۰ اپریل ۱۹۳۱ء اجلاس ہمایوں میں ایک جدید آسامی اردو اسٹینوگرافر بہ گریڈ ۵۰ – ۵ – ۸۰ منظور فرمائی گئی تھی۔ اور اس آسامی پر سید ارتضیٰ علی کا تقرر بمشاہرہ تیس روپیہ تا مدت ٹریننگ بدیں صراحت منظور فرمایا گیا تھا کہ جب نامبردہ ٹریننگ میں کامیاب ہو کر واپس آجائے تو اس کو گریڈ کی ابتدائی تنخواہ کا دیا جانا مناسب ہوگا۔ سید ارتضیٰ علی ٹریننگ میں کامیاب ہو کر ۱۹ اکتوبر ۱۹۳۱ء سے حاضر خدمت ہو گئے ہیں۔ ترقی خواہ مستدعی ہے کہ نامبردہ کو تاریخ مذکور سے آسامی اسٹینوگرافر کی ابتدائی تنخواہ پچاس روپیہ ماہوار عطا کئے جانے کا حکم منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔ بجٹ اجلاس ہمایوں کی مد مشاہرات میں ازدیاد تنخواہ کی گنجائش ہے زیادہ حد ادب۔ آفتاب دولت و اقبال تاباں باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط صاحب پرائیویٹ سکریٹری بہادر
مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

حکم:-

واقع ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

بموجب رپورٹ۔ مسٹر انند کنوار اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ دوم کو مجسٹریٹ درجہ اول کے اختیارات عطا کیا جانا منظور ہے۔

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پر نور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — می رساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر در حیثیت مجسٹریٹ انچارج تجویز کی تجویز ہے کہ مسٹر انند کنوار صاحب اسسٹنٹ مجسٹریٹ درجہ دوم کا تقرر یکم جون ۱۹۳۱ء سے ہوا ہے۔ اس عرصہ میں ان کا کام عمدہ اور قابل اطمینان رہا۔ ان کے فیصلوں کے اپیلوں کے نتائج سے ظاہر ہے کہ نہایت غور و فکر سے کام لیا گیا ہے جس سے اصابت رائے کا بھی اظہار ہوتا ہے۔ چونکہ درجہ اول کے اختیارات نہ ہونیکے باعث سماعت مقدمات میں دشواریاں پیش آتی ہیں۔ نیز نقشہ منسلکہ سے یہ بھی ظاہر ہوتا ہے کہ دفعہ ۵۶۲ ضابطہ فوجداری اور سزائے تازیانہ کی سفارشیں اب تک ۱۲ مقدمات میں ہو چکی ہیں لہٰذا درجہ اول کے اختیارات عطا فرمائے جانے کی قوی ضرورت ہے۔ چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۰ نومبر ۱۹۳۱ء میں تجویز عطائے اختیارات درجہ اول سے اتفاق کر لیا ہے۔ لہٰذا ترقی خواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے تو باعث سہولت کار ہے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقی خواہ دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۱۲ نومبر ۱۹۳۱ء

حکم:-

بموجب رپورٹ مرتبہ دستورالعمل حسابی ریاست رامپور ۱۹۳۰ء منسلکہ کی منظوری دیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ۱۳؍ نومبر ۱۹۴۱ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

عالی مرتبت صاحب فائنانس منسٹر بہادر کی تجویز ہے کہ بسلسلہ قرضہ خرید مکان وغیرہ جو ملازمان برطبق قواعد دستورالعمل حسابی مکان مکفول کراتے ہیں اسکی رجسٹری ہوتی ہے لیکن بعد بیباقی قرضہ اس کفالت کی واگذاشت ذریعہ رجسٹری نہیں ہوتی۔ چونکہ برٹش انڈیا کے قواعد کی روسے بھی واپسی جائداد مکفولہ ذریعہ رجسٹری ہوتی ہے۔ اور صحیح معنے میں واگذاشت اسوقت تک نہیں ہوتی جبتک کہ رجسٹری سے دستاویز منسوخ نہ ہو۔ لہذا مناسب معلوم ہوتا ہے کہ مسودہ ترمیم دستورالعمل حسابی ریاست رامپور ۱۹۳۰ء منسلکہ منظور فرمایا جائے چنانچہ اسٹیٹ کونسل نے جلسہ منعقدہ ۱۰؍ نومبر ۱۹۴۱ء میں مسودہ ترمیم مذکورہ بالا کی منظوری سے اتفاق کرلیا ہے۔ لہذا ترقیخواہ مستدعی ہے کہ پیشگاہ ہمایوں سے حکم منظوری شرف نفاذ پائے۔ زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر
مورخہ ۱۲؍ نومبر ۱۹۴۱ء

(نوٹ: مسودہ ترمیم حکم مذکورہ بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شائع ہے)

حکم:-

بموجب رپورٹ قیام تجارتی و معاشرتی لیگ کی منظوری دیجاتی ہے۔ کاغذات عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر کے پاس مرسل ہوں۔ ۹؍ نومبر ۱۹۴۱ء

دستخط اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

اعلیٰ حضرت بندگان حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعز عرض — میرساند

جناب عالی

رامپور کے تعلیم یافتہ طبقہ نے صنعت و حرفت، تجارت اور معاشرت کی طرف اہل رامپور کا رجحان دیکھتے ہوئے ایک "تجارتی و معاشرتی لیگ" کا قیام مناسب خیال کرتے ہوئے ایک لیگ قائم کی ہے جسکے اغراض و مقاصد اہل ریاست کے عموماً اور باشندگان رامپور کیلئے خصوصاً دولت پیدا کرنے اور فروغ تجارت کی سہولتیں بہم پہنچانا ہے۔ نیز جنگ کے زمانہ میں حکومت ہند کے سپلائی ڈپارٹمنٹ کی ضروریات کے متعلق تجارت پیشہ افراد کو معلومات بہم پہونچانا اور عوام کو اس ضروریات سے باخبر رکھنا ہے۔ یہ لیگ ہر قسم کی تجارتی و صنعتی معلومات کو اردو زبان میں جمع کرکے عوام کو صنعت و حرفت کے اصول سے واقف اور ترقی یافتہ ممالک کی تجارت اور ضروریات کے متعلق جملہ اطلاعات مہیا کریگی۔ اس لیگ کا سیاسیات و مذہبیات سے کسی قسم کا تعلق نہ ہوگا امید ہے کہ یہ لیگ صنعت و حرفت اور تجارت کو ریاست رامپور میں فروغ دینے میں معاون ثابت ہوگی۔ ترقیخواہ مستدعی ہے کہ بنظر رفاہ عام اس لیگ کے قیام کی منظوری پیشگاہ ہمایوں سے شرف نفاذ پائے۔

زیادہ حد ادب۔ دولت و اقبال جاوید باد

عرضی

ترقیخواہ دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر مورخہ ۸؍ نومبر ۱۹۴۱ء

سررشتہ صدر سے حسب منشائے حکم ہمایوں احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو ۱۰؍ نومبر ۱۹۴۱ء دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

آرڈرز ان کونسل رامپور اسٹیٹ

آرڈر نمبر ۳۵۹:- واقع ۱۱ر نومبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ر نومبر ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ ۵ روپیہ ماہانہ بہ تنخواہ سید اسرار حسین صاحب انسپکٹر مدارس از ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۱ء پیش ہوئی۔ رقم ضروری بجٹ متعلقہ میں مہیا ہو چکی ہے اور استحقاق اضافہ کی تصدیق صیغہ فائنانس نے کر دی ہے

طے پایا کہ:-

حسب تجویز سید اسرار حسین صاحب انسپکٹر مدارس کی موجودہ تنخواہ میں ۱۰ر اکتوبر ۱۹۲۱ء سے مبلغ عہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر۔

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۳۵۸:- واقع ۱۱ر نومبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ر نومبر ۱۹۲۱ء میں عالیمرتبت صاحب ریونیو منسٹر بہادر کی تجویز بابت منظوری اضافہ گریڈ پانچ روپیہ ماہانہ بہ تنخواہ منشی امجد علیخاں صاحب تحصیلدار ملک از یکم ستمبر ۱۹۲۱ء پیش ہوئی۔ رقم ضروری بجٹ میں مہیا ہو چکی ہے اور صیغہ فائنانس نے استحقاق اضافہ کی تصدیق کر دی ہے۔

طے پایا کہ:-

حسب تجویز منشی امجد علیخاں صاحب تحصیلدار ملک کی موجودہ تنخواہ میں پانچ روپیہ ماہانہ اضافہ گریڈ کی منظوری از یکم ستمبر ۱۹۲۱ء دیجاتی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط عالیمرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

آرڈر نمبر ۳۷۶:- واقع ۱۲ر نومبر ۱۹۲۱ء

اسٹیٹ کونسل کے جلسۂ منعقدہ ۱۰ر نومبر ۱۹۲۱ء میں مسودہ "قانون امراض متعدی ریاست رامپور ۱۹۲۱ء" مرسلہ عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر پیش ہو کر طے پایا کہ:-

کونسل کو اتفاق ہے کہ مسودۂ قانون مذکور بغرض حصول رائے عامہ درج گزٹ کیا جائے۔

حکم ہوا کہ

حکم ہذا مع کاغذات متعلقہ بغرض اشاعت حکم ہذا و مسودۂ قانون مذکور متعلقہ گزٹ سرکاری سپرنٹنڈنٹ صاحب صیغہ طباعت و اسٹیشنری کے پاس مرسل ہو۔ اصل کاغذات بعد اشاعت بخدمت عالیمرتبت صاحب ہوم منسٹر بہادر انچارج محکمۂ قانون نذر ارسال کئے جائیں۔

دستخط عالی مرتبت صاحب چیف منسٹر بہادر

دستخط صاحب سکریٹری بہادر اسٹیٹ کونسل

نوٹ:- قانون مذکور بالا گزٹ کے حصہ سوم میں شامل ہے۔